# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ شریعہ، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ)

**وارننگ**

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اصول تحقیق (2972) سمسٹر: خزاں، 2026

سطح: بی ایس (علوم اسلامیہ تخصص شریعہ)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1. تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔
3. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5. مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔
6. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7. معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

# امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1تا4)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ تحقیقی خاکہ سازی کے عمل کو واضح کریں اور اس کی اہمیت پر روشنی ڈالیں کہ یہ تحقیقی عمل کو کس طرح سمت فراہم کرتا ہے؟ (20)

سوال نمبر 2۔ علمی تحقیق کے اغراض و مقاصد کو مد نظر رکھتے ہوئے تجزیہ کریں کہ تحقیق علم میں اضافہ اور نئی جہات پیدا کرنے میں کس طرح کردار ادا کرتی ہے؟ (20)

سوال نمبر 3۔ تحقیق کے بنیادی عناصر کی تشریح کریں اور وضاحت کریں کہ یہ عناصر کسی تحقیق کی ساکھ کو کیسے مضبوط بناتے ہیں؟ (20)

سوال نمبر 4۔ موضوعِ تحقیق کے انتخاب کے مراحل کو بیان کریں اور وضاحت کریں کہ ایک مؤثر خاکہ کس طرح تحقیق کو منظم کرتا ہے؟ (20)

سوال نمبر 5۔ بنیادی اور ثانوی مآخذ کی نوعیت کو بیان کریں اور واضح کریں کہ تحقیق میں ان کا مناسب استعمال کیوں ضروری ہے؟ (20)

# امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ: 5تا9)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ حوالہ جات اور فہرستِ مراجع کی تیاری کے اصولوں کی وضاحت کریں اور بیان کریں کہ ان کی درستگی کیوں ضروری ہے؟ (20)

سوال نمبر 2۔ مفروضات کے کردار کا جائزہ لیں اور واضح کریں کہ یہ تحقیقی عمل میں رہنمائی کیسے فراہم کرتے ہیں؟ (20)

سوال نمبر 3۔ تحقیق اور تنقید کے فرق کو واضح کریں اور دونوں کے طریقہ کار کا تقابلی مطالعہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ علمی تحقیق کی اقسام کی درجہ بندی کریں اور ہر قسم کی افادیت پر بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ معیاری تحقیقی مقالے کی خصوصیات کو بیان کریں اور وضاحت کریں کہ یہ خصوصیات ایک کامیاب تحقیق کی ضمانت کیسے بنتی ہیں؟ (20)